# رہائش کے لیے رہنمائي

## پناہ گزین کی حیثیت ملنے کے بعد رہائش کا بندوبست کیسے کریں

## یہ رہنمائي کس کے لیے ہے؟

یہ رہنمائي ان افراد کی مدد کے لیے تحریر کی گئی ہے جنہیں نئی / پناہ گزین حیثیت حاصل ہوئی ہے، اور اُن افراد کے لیے بھی جو انہیں محفوظ رہائش تلاش کرنے میں مدد فراہم کرتے ہیں۔ یہ Boaz Trust کی جانب سے تیار کیا گیا ہے، اور اُن لوگوں کی آراء پر مبنی ہے جنہوں نے / پناہ گزین حیثیت ملنے کے بعد رہائش تلاش کرنے کا تجربہ کیا۔

## تعارف

جب آپ کی پناہ کی درخواست منظور ہو جاتی ہے، تو آپ کی فراہم کردہ عارضی رہائش ختم ہو جائے گی اور آپ کو فوری طور پر کسی اور جگہ رہائش کا بندوبست کرنا ہو گا۔ ہر فرد کی اپنی ایک کہانی ہوتی ہے کہ انہوں نے / پناہ گزین حیثیت ملنے کے بعد کہاں اور کیسے رہائش اختیار کی۔ بہت سے اکیلے افراد یا بے اولاد جوڑے / پناہ گزین حیثیت حاصل کرنے کے بعد بے گھر ہو جاتے ہیں۔

برطانیہ میں اگر آپ کے پاس رہنے کی کوئی مستقل جگہ نہیں ہے تو آپ کو بے گھر تصور کیا جاتا ہے۔ بے گھر ہونے کا مطلب صرف سڑک پر سونا نہیں ہوتا، آپ کسی خیمے، سڑک، یا کسی اور کے کمرے یا گھر میں عارضی طور پر رہائش پذیر ہو سکتے ہیں۔ اس لیے یہ جاننا کہ کہاں جا کر مدد مانگنی ہے، بہت ضروری ہے۔ بہتر ہے کہ اس بارے میں جلد از جلد سوچنا شروع کر دیا جائے۔

**یہ دستاویز درج ذیل پر معلومات فراہم کرتا ہے:**

1. مقامی کونسل بے گھر افراد کی کس طرح مدد کر سکتی ہے۔
2. نجی کرائے کی رہائش تلاش کرتے وقت کیا توقع رکھنی چاہیے۔
3. نئے علاقے میں بسنے کے دوران دیگر اہم باتیں۔

## کیا مقامی کونسل میری مدد کر سکتی ہے؟

اگر آپ کو لگتا ہے کہ آپ بے گھر ہونے والے ہیں، تو اپنی مقامی کونسل سے رابطہ کریں اور مدد مانگیں۔ مقامی کونسل کسی شہر یا قصبے کے لیے ذمہ دار ہوتی ہے۔ آپ کو اُس کونسل سے رابطہ کرنا چاہیے جہاں آپ کو پناہ کی منظوری ملی تھی۔ آپ یہاں سے اپنی مقامی کونسل تلاش کر سکتے ہیں:

www.gov.uk/find-local-council

ایک بار جب آپ کو پناہ گزین کا نیا درجہ مل جاتا ہے، تو آپ برطانیہ میں کہیں بھی رہنے کا انتخاب کر سکتے ہیں۔ اگر آپ کسی دوسرے علاقے میں چلے جاتے ہیں اور بے گھر ہو جاتے ہیں، تو آپ کی نئی مقامی کونسل کا آپ کی مدد کرنے کا قانونی فرض نہیں ہوگا۔ وہ آپ کو اس علاقے میں واپس جانے کا مشورہ دے سکتے ہیں جہاں آپ کو پناہ گزین کا درجہ دیا گیا تھا۔ لہذا آپ کو اپنے کاغذات موصول ہونے کے بعد اس جگہ کی مقامی کونسل سے رابطہ کرنا چاہیے جہاں آپ رہ رہے تھے۔

## اگر میں مقامی کونسل سے رابطہ کروں تو کیا ہوگا؟

آپ کی مقامی کونسل آپ کو ایک Homelessness Assessment دے گی، یعنی بے گھری کی تشخیص۔ اس میں وہ فیصلہ کریں گے کہ کیا وہ آپ کی مدد کرنے کے پابند ہیں یا نہیں۔ وہ آپ کو ایک ملاقات کا وقت دیں گے (ذاتی طور پر یا فون پر) اور کچھ سوالات کریں گے۔

آپ کو کچھ ضروری دستاویزات فراہم کرنا ہوں گی، جیسے:

- آپ اور آپ کے خاندان کے (eVisas)
- پناہ کی منظوری کا خط
- کسی ڈاکٹر کی طرف سے طبی یا ذہنی صحت سے متعلق خطوط
- اس کے بعد، مقامی کونسل آپ کو ای میل یا خط کے ذریعے اپنے فیصلے سے آگاہ کرے گی۔

**اگر کونسل مدد کرنے پر رضامند ہو جائے**

آپ کی Homelessness Assessment کے بعد، اگر کونسل تصدیق کرتی ہے کہ وہ آپ کی مدد کریں گے، تو وہ آپ کو ایک Personalised Housing Plan – فراہم کریں گے۔ اس میں یہ بتایا جائے گا کہ کونسی مدد دستیاب ہے، نجی کرائے کی رہائش کے بارے میں معلومات اور اضافی معاونت کہاں سے حاصل کی جا سکتی ہے۔

اگر آپ کے ساتھ بچے ہیں، یا اگر آپ اکیلے ہیں مگر آپ کی دیکھ بھال یا مدد کی ضرورت ہے ، تو وہ آپ کو رہائش فراہم کرنے کے پابند ہوں گے، جو کہ ہنگامی رہائش یا نائٹ شیلٹر ہو سکتا ہے۔

اگر آپ عمومی طور پر صحت مند ہیں اور آپ کے ساتھ بچے نہیں ہیں، تو ممکن ہے کہ مقامی کونسل آپ کو کوئی رہائش فراہم نہ کرے۔ برطانیہ میں رہائش کی شدید کمی ہے اور بہت سے خاندان اور افراد بے گھری کی عارضی رہائش میں انتظار کر رہے ہیں کہ کہاں منتقل ہوں۔ اگر آپ سڑک پر بھی سو رہے ہیں تب بھی کونسل لازمی طور پر آپ کو رہائش کی پیشکش نہیں کرے گی۔

**اگر مقامی کونسل آپ کو کوئی رہائش فراہم کرے، تو درج ذیل باتیں یاد رکھیں:**

**A** جو بھی وہ پیش کریں، اُسے قبول کریں، کیونکہ اگر آپ نے انکار کیا تو ممکن ہے کہ دوبارہ کوئی پیشکش نہ ہو۔

**B** اس کے بعد، کچھ وقت لیں اور ایسی رہائش کے لیے منصوبہ بندی کریں جو بہتر محسوس ہو۔ یہ مشترکہ رہائش ہو سکتی ہے۔

**C** ایسی جگہ کی تلاش کریں جہاں آپ آرام دہ محسوس کریں، یعنی ایسی جگہ جہاں آپ طویل مدت تک رہنا چاہیں۔

## سوشل ہاؤسنگ (Social Housing) کیا ہے؟

مقامی کونسلز پہلے ایسے گھروں کی فراہمی کرتی تھیں جو معیاری اور کم قیمت ہوتے تھے۔ اب، یہ رہائش جو کہ «سوشل ہاؤسنگ» کہلاتی ہے، بہت کم دستیاب ہے اور عام طور پر ہاؤسنگ ایسوسی ایشنز کے ذریعے فراہم کی جاتی ہے۔

- بہت سے لوگ سوشل ہاؤسنگ کے انتظار میں ہیں۔ کچھ شہروں میں آپ کو یہ رہائش حاصل کرنے کے لیے ۱۰ سال تک انتظار کرنا پڑ سکتا ہے۔
- لوگ اس صورت میں سوشل ہاؤسنگ جلد حاصل کر سکتے ہیں اگر وہ بیمار ہوں یا کچھ دیگر وجوہات ہوں – آپ کی قومیت اس پر اثر انداز نہیں ہوگی۔
- آپ اُس شہر یا قصبے کی فہرست میں شامل ہو سکتے ہیں جہاں آپ نے / پناہ گزین حیثیت حاصل کی تھی، لیکن کچھ جگہوں پر آپ کو پہلے کچھ مدت (مثلاً ۲ سال) وہاں رہنا پڑتا ہے تب جا کر آپ اندراج کر سکتے ہیں۔

## نجی کرائے کی رہائش سے کیا توقع رکھیں؟

برطانیہ میں لوگ عام طور پر نجی مالکان سے گھر کرائے پر لیتے ہیں۔ کچھ لوگ مشترکہ گھر میں رہتے ہیں، جہاں وہ اپنا بیڈ روم رکھتے ہیں مگر دیگر افراد کے ساتھ کچن، باتھ روم اور دیگر جگہیں شیئر کرتے ہیں۔ ایسے گھروں میں فرنیچر اور بڑے الیکٹریکل آلات (فریج، واشنگ مشین وغیرہ) عموماً فراہم کیے جاتے ہیں۔
رہائش تلاش کرتے وقت، آپ کو قیمت، مقام، اور پراپرٹی کی قسم پر غور کرنا ہوتا ہے۔ بہت ضروری ہے کہ آپ سوچ سمجھ کر فیصلہ کریں — یا کسی ماہر سے مشورہ لیں — تاکہ آپ ایسی جگہ کا انتخاب کریں جو آپ کی مالی حیثیت کے مطابق ہو۔
جب آپ نے کوئی جگہ منتخب کر لی ہو، تو کرائے پر منتقل ہونے سے پہلے آپ کو درج ذیل کام کرنے ہوں گے:

- **کرایہ داری معاہدے پر دستخط کریں۔** یہ مالک مکان کے ساتھ آپ کا قانونی معاہدہ ہوتا ہے۔ اس دستاویز کو غور سے پڑھنا اور سمجھنا ضروری ہے۔ «شیلٹر» جیسی تنظیمیں (www.shelter.org.uk) اس میں آپ کی مدد کر سکتی ہیں۔
- **«شیئر کوڈ» فراہم کریں** تاکہ یہ ثابت کیا جا سکے کہ آپ کو کرائے پر رہنے کا قانونی حق حاصل ہے۔ آپ یہ کوڈ UKVI اکاؤنٹ سے حاصل کر سکتے ہیں یا www.gov.uk/prove-right-to-rent پر جا کر۔
- **ڈپازٹ ادا کریں۔** یہ عموماً ایک مہینے کے کرائے کے برابر ہوتا ہے، جو کہ پہلے مہینے کے کرائے کے ساتھ پیشگی ادا کرنا ہوتا ہے۔
- **ریفریس فراہم کریں۔** یعنی ایسے لوگوں سے سفارش لی جائے جو آپ کو جانتے ہوں۔

## کرایہ اور بلز کی ادائیگی کا کیا طریقہ ہے؟

آپ ہر مہینے مالک مکان کو پیشگی کرایہ ادا کرتے ہیں۔ یہ کرایہ بجلی، پانی اور گیس جیسے بلز کے علاوہ ہوتا ہے۔
اگر آپ یونیورسل کریڈٹ حاصل کر رہے ہیں
، تو آپ کو مقامی کونسل کو بتانا ہوگا کہ آپ نیا گھر حاصل کر رہے ہیں اور کرایہ ادا کرنا شروع کر دیں گے۔ وہ فیصلہ کریں گے کہ آپ کو اپنا کرایہ ادا کرنے میں مدد کے لیے کتنی اضافی رقم دینی چاہیے۔ یہ رقم لوکل ہاؤسنگ الاؤنس (LHA) پر مبنی ہے اور مختلف عوامل پر منحصر ہے جیسے آپ کی عمر، آپ کس کے ساتھ رہتے ہیں، اور آپ کے علاقے میں کرایہ کی قیمتیں۔
ہر علاقے میں کرائے کی قیمتیں مختلف ہو سکتی ہیں اور یونیورسل کریڈٹ عموماً کرایہ ادا کرنے کے لیے کافی نہیں ہوتا۔ ایسی جگہ تلاش کرنے کی کوشش کریں جہاں کرایہ نسبتاً سستا ہو - عام طور پر یہ بڑے شہروں سے باہر یا چھوٹے قصبوں میں ہوتا ہے۔

### مدد حاصل کریں

آپ ریفیوجی انٹیگریشن لون کے لیے بھی درخواست دے سکتے ہیں۔
(gov.uk/refugee-integration-loan)

یہ قرض £100 اور £500 (ایک فرد کے لیے) کے درمیان ہو سکتا ہے اور آپ کو ڈپازٹ ادا کرنے، کرایہ دینے یا ضروری گھریلو سامان خریدنے میں مدد کر سکتا ہے۔
آپ کی مقامی کونسل پہلے چند مہینوں کے لیے ڈپازٹ یا کرایہ میں بھی مدد کر سکتی ہے۔

# کرائے کے لیے جگہ کہاں تلاش کی جائے؟

- **آن لائن:** ویب سائٹس جیسے DSSmove، SpareRoom، Rightmove، Zoopla اور Gumtree کرایے پر دستیاب پراپرٹیز کی فہرست دیتی ہیں۔
- **ایسٹیٹ ایجنٹس:** مقامی ایسٹیٹ ایجنٹس جیسے Rains، Reed، Your Move، سے پراپرٹیز کے بارے میں مشورہ لیں۔ وہ اپنی دکانوں کی کھڑکیوں میں کرائے کے کمروں اور گھروں کے اشتہارات دیتے ہیں۔
- **نیوز ایجنٹس اور مقامی دکانیں:** بعض اوقات ان کی کھڑکیوں میں کرائے کے کمروں کے چھوٹے اشتہارات لگے ہوتے ہیں۔
- **کمیونٹی گروپس:** مقامی مذہبی یا کمیونٹی گروپس کے پاس مقامی رہائش یا مالک مکانوں سے متعلق معلومات ہو سکتی ہیں۔
- **آپ کے دوست:** اپنی کمیونٹی میں لوگوں سے پوچھیں کہ کیا وہ کسی مالک مکان کو جانتے ہیں جن کے پاس اضافی کمرہ یا گھر کرائے پر دستیاب ہو۔ اپنے دوستوں سے پوچھیں کہ کیا وہ آپ کے ساتھ مشترکہ گھر تلاش کرنا چاہتے ہیں۔
- **نوٹ:** رہائش تلاش کرنا وقت لیتا ہے کیونکہ بہت سے لوگ رہنے کے لیے جگہ تلاش کر رہے ہوتے ہیں۔ کوشش جاری رکھیں۔

احتیاط کریں! اگر سوشل میڈیا پر کرائے کی رہائش سے متعلق کوئی اشتہار دیکھیں تو بغیر تصدیق کے پیسے نہ دیں۔ اگر آپ کو شک ہو تو کسی سے مدد لیں۔

# کرایہ دار بننا

جب آپ کرائے پر رہنے لگیں تو کچھ اہم باتوں کو ذہن میں رکھیں:

- **یوٹیلیٹیز (Utilities):** آپ کو عام طور پر گیس، بجلی، پانی اور انٹرنیٹ کے اکاؤنٹس سیٹ اپ کرنے ہوں گے۔
- **کونسل ٹیکس:** ممکن ہے کہ آپ کو مقامی کونسل کو کونسل ٹیکس ادا کرنا پڑے۔
- **انشورنس:** اپنے سامان کی حفاظت کے لیے Contents Insurance حاصل کریں۔ مالک مکان کی انشورنس صرف عمارت کو کور کرتی ہے، آپ کی اشیاء کو نہیں۔
- **بلز:** تمام بلز وقت پر ادا کریں تاکہ لیٹ فیس اور خراب کریڈٹ اسکور سے بچا جا سکے۔ آپ Direct Debit سیٹ کر سکتے ہیں تاکہ بل خودکار طریقے سے ادا ہوں۔
- **جائیداد کی دیکھ بھال:** اپنی رہائش صاف ستھری رکھنا ضروری ہے - اندر اور باہر، جیسے کہ صحن یا باغ وغیرہ۔ اگر کوئی مرمت درکار ہو تو فوری طور پر مالک مکان کو اطلاع دیں۔
- **پڑوسیوں کا احترام کریں:** شور کی سطح کا خاص خیال رکھیں، خاص طور پر رات کے وقت۔
- **مالک مکان کی توقعات:** کرایہ داری معاہدے کے قوانین پر عمل کریں۔ مسائل کی صورت میں مالک مکان سے رابطہ کریں۔ مالک مکان کو جائیداد کا معائنہ کرنے کا حق ہوتا ہے (اطلاع دینے کے بعد)۔
- **نقل مکانی (Moving Out):** اپنے کرایہ نامے (tenancy agreement) کو چیک کریں تاکہ معلوم ہو سکے کہ آپ کو نقل مکانی سے پہلے مالک مکان کو کتنے دن پہلے نوٹس دینا ہے۔ یہ یقینی بنائیں کہ جائیداد صاف ستھری اور اچھی حالت میں ہو تاکہ آپ کو اپنی سیکیورٹی ڈپازٹ واپس مل سکے۔

SHELTER

**اپنے حقوق کو جانیں!** ایک نجی کرایہ دار (private tenant) کے طور پر آپ کو قانون کے تحت تحفظ حاصل ہے۔ آپ کا گھر محفوظ، معیاری ہونا چاہیے اور آپ کو بغیر کسی معقول وجہ کے بے دخل نہیں کیا جا سکتا۔ [QR کوڈ لنک Shelter ۲]

RED CROSS

## میرے خاندان کا کیا ہوگا؟

جب کسی کو پناہ گزین کا درجہ دیا جاتا ہے، تو وہ اپنے خاندان کو اپنے ساتھ لانے کے لیے فیملی ری یونین ویزا کے ذریعے درخواست دینا چاہ سکتے ہیں۔ برٹش ریڈ کراس اس عمل میں مدد فراہم کر سکتی ہے: (www.redcross.org.uk/get-help/family-reunion)

**یہ بہت ضروری ہے کہ آپ فیملی ری یونین کے لیے درخواست دینے سے پہلے رہائش کے بارے میں سوچیں** تاکہ یہ یقینی بنایا جا سکے کہ آپ کا خاندان آمد پر بے گھر نہ ہو۔ یہ مشکل ہو سکتا ہے کیونکہ خاندانی گھر کی قیمت شیئرڈ ہاؤس میں ایک کمرے سے زیادہ ہو گی۔ مقامی کونسل آپ کو خاندانی گھر پیش نہیں کرے گی جب تک کہ آپ کا خاندان نہ آ جائے، چاہے آپ کے بچے ہی کیوں نہ ہوں۔ اگر آپ کا خاندان اچانک یو کے آ جائے تو اس بات کی کوئی ضمانت نہیں ہے کہ آپ کو ایک ساتھ رہنے کے لیے گھر دیا جائے گا۔ اس لیے ضروری ہے کہ آپ وقت سے پہلے مشورہ لیں اور حقیقت پسندانہ منصوبہ بنائیں۔

اگر آپ میاں بیوی ہیں اور بچوں کے بغیر ہیں، تو تب بھی ایک ساتھ رہنے کے لیے جگہ تلاش کرنا مشکل ہو سکتا ہے اگر آپ بے گھر ہوں۔ بعض اوقات صرف خواتین کے لیے ایمرجنسی رہائش ہو سکتی ہے، اس لیے بہتر ہے کہ اگر خاندان کے افراد یو کے آ رہے ہوں تو بے گھر افراد کی رہائش پر انحصار نہ کریں۔

## مجھے اور کن چیزوں کے بارے میں سوچنا چاہیے؟

- **بینک اکاؤنٹ کھولیں** – HSBC، Lloyds اور Nationwide اکثر مددگار ہوتے ہیں۔ www.refugeecouncil.org.uk/information/resources/banking_guide_for_refugees_english/
- **پیسہ** – جیسے ہی ممکن ہو فوائد (benefits) کے لیے درخواست دیں۔ آپ یہاں درخواست دے سکتے ہیں: www.gov.uk/universal-credit/how-to-claim
- **ملازمت تلاش کریں** – اگر آپ کام کرنے کے قابل ہیں، تو جتنا جلد ممکن ہو نوکری تلاش کریں۔ آپ اپنی قریبی نوکری کے مرکز پر یہاں تلاش کر سکتے ہیں:https://find-your-nearest-jobcentre.dwp.gov.uk/
- **صحت کی دیکھ بھال کے لیے رجسٹر کریں** – اپنے مقامی GP کے ساتھ رجسٹر کریں: www.nhs.uk/service-search/find-a-gp

## میں اپنی نئی کمیونٹی میں خود کو گھر جیسا محسوس کرنے کے لیے کیا کر سکتا ہوں؟

گریٹر مانچسٹر خوش قسمت ہے کہ یہاں دنیا بھر سے بہت سی متنوع کمیونٹیز آباد ہیں، لیکن نئے مقام پر گھر جیسا محسوس کرنے اور ایڈجسٹ ہونے میں وقت لگ سکتا ہے۔ خوش قسمتی سے، مدد کے لیے بہت سی چیزیں دستیاب ہیں، اگر آپ کو کسی وقت پریشانی ہو تو ضرور مدد حاصل کریں۔

- مقامی علاقے کو دریافت کریں – پارکوں اور عجائب گھروں کا دورہ کریں، مقامی بسوں کے بارے میں جانیں۔
- اپنی مقامی لائبریری تلاش کریں – یہاں کتابیں، اخبارات، وائی فائی، کمپیوٹر اور مقامی معلومات ہوتی ہیں۔
- انگریزی بولیں – اگر آپ کو انگریزی بولنے میں دقت ہو تو مقامی کالج، کونسل یا کمیونٹی گروپ کے ذریعے انگریزی کلاسز لیں۔
- کمیونٹی اور سرگرمیوں کو تلاش کریں – مقامی کمیونٹی تنظیموں اور خیراتی اداروں کو تلاش کریں، خاص طور پر وہ جو پناہ گزینوں کے ساتھ کام کرتے ہوں یا جن میں آپ رضاکارانہ خدمات دے سکیں۔

مقامی چرچ، مسجد یا دیگر عبادت گاہیں بھی اچھی جگہیں ہو سکتی ہیں۔

ہمیں معلوم ہے کہ یہ معلومات کچھ زیادہ ہو سکتی ہیں، لیکن ہمیں امید ہے کہ یہ آپ کے لیے مددگار ثابت ہوں گی اور آپ جلد ہی اپنے نئے گھر میں خود کو پُرسکون اور آرام دہ محسوس کریں گے۔

**نوٹ:**

یہ معلومات مارچ 2025 میں تیار کی گئی تھیں۔ ہم اپنی ویب سائٹ پر اس رہنمائی کو بروقت اپ ڈیٹ کرنے کی پوری کوشش کریں گے کیونکہ حالات تیزی سے بدل سکتے ہیں۔

REFUGEE WELCOME PROGRAMME
DOING THINGS DIFFERENTLY FOR GREATER MANCHESTER

boaztrust